# تبصرۂ کتب

ادارہ

**ہدایۃ الممتری عن غوایۃ المفتری** | از مولانا عبدالغنی خان پٹیالوی ؒ صفحات ۲۳۸
قیمت غیر مجلد ۱۲ روپے مجلد ۱۸ روپے ناشر مجلس تحفظ ختم نبوت تغلق روڈ ملتان

علماء امت نے قادیانیت کے کسی پہلو کو تشنہ نہیں چھوڑا، پاکستان میں مجلس تحفظ ختم نبوت اس فتنہ ضالہ کے علمی تعاقب میں اکابر علماء کے اہم تصانیف کو شائع کرتی رہی ہے۔ مگر پیش نظر کتاب کی خصوصیت اسلامی اور قادیانی عقائد کا وہ تقابلی انداز ہے جو صفحہ کے دو کالموں میں نمایاں کیا گیا ہے اور اس طرح قادیانیوں کے غیر اسلامی کفریات و خرافات کا پورا مکمل خاکہ سامنے آگیا ہے جس سے قادیانیوں کے اسلام سے کسی بھی مقام پر خروج و انحراف واضح طور پر سامنے آجاتی ہے۔ قادیانی آج کل حیات مسیح اور ختم نبوت کے مسائل پر طرح طرح کے شبہات و وساوس اٹھا کر نوجوان نسل کو ورغلانے میں مصروف ہیں۔ ہمارے مدارس کے اکثر علماء و فضلاء بھی ان مسائل میں پوری درک نہ رکھنے کی وجہ سے قادیانی وساوس کا جواب دینے سے قاصر رہتے ہیں پیش نظر کتاب میں نہایت علمی انداز میں قادیانیت سے متعلق گویا پورا اسلامی علم کلام آگیا ہے کوئی اس کا مطالعہ کرکے قادیانی وساوس اور وسیسہ کاریوں سے پوری طرح باخبر ہوسکتا ہے اور مناسب ہے کہ اس کتاب کو عربی مدارس کے مطالعاتی نصاب میں شامل کیا جائے خدا تعالیٰ مجلس تحفظ ختم نبوت کے ان مساعی جمیلہ کو زیادہ سے زیادہ بارآور بنا دے۔

**الرشید مدنی ؒ و اقبال نمبر** | ادارت مولانا فاضل حبیب اللہ رشیدی صفحات ۲۷۴ قیمت ۲۰/ روپے

جامعہ رشیدیہ ساہیوال کا ماہنامہ الرشید دارالعلوم دیوبند کے بارہ میں اپنے عظیم الشان خصوصی اشاعت کی وجہ سے شہرت دوام حاصل کر چکا ہے پیش نظر خصوصی اشاعت بھی نقش اوّل سے کم نہیں کچھ اقبالی مجرم اپنے خبث باطن کا مظاہرہ جا و بے جا حضرت اقدس مولانا حسین احمد مدنی ؒ کے بارہ میں اقبال ؒ کی ایک رباعی کو اچھال اچھال کر کرتے رہتے ہیں جب کہ مرحوم اقبال خود اس پر تائب و نادم ہوچکے تھے الرشید نے پیش نظر ضخیم شمارہ میں اس موضوع پر نہایت تحقیقی اور مستند مواد فراہم کرکے پوری امت اور علماء حق کیطرف سے فرض کفایہ ادا کردیا ہے تاریخ کے ہر طالب علم کو عموماً اور مدارس عربیہ سے وابستہ افراد کو خصوصاً اس نمبر کا تفصیلی مطالعہ کرنا چاہیئے۔